ادارہ



تعارف تبصرہ کتب

کتاب: تفسیر الحسن البصری" (عربی) ۵ حصہ مکمل

تخریج و تحقیق: شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدنی مدظلہ

قیمت: سات سو روپے (رعایتی) ناشر: مکتبہ رشیدیہ سردار پلازہ جی ٹی روڈ اکوڑہ خٹک

حضرت امام حسن بصریؒ کا شمار اجلہ اور کبار تابعین میں ہوتا ہے آپ اہل بصرہ کے امام اور اپنے زمانہ کے امت میں زبردست عالم تھے اور حبر امت کے لقب سے مشہور تھے۔ آپکے بارے میں امام غزالیؒ فرماتے ہیں' حسن بصریؒ اپنے کلام میں انبیاء کرام کے کلام کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھنے والے انسان تھے' اور صحابہ کرام کی سیرت و کردار سے سب سے زیادہ قریب تھے' وہ نہایت ہی فصیح و بلیغ تھے اور آپ کے منہ سے حکمت کی باتیں موتیوں کی طرح جھڑتیں تھیں۔

مفسرین میں آپ کا تعلق طبقہ اہل عراق سے رہا ہے' تفسیر قرآن کے متعلق آپ کے اقوال مختلف روایات میں آئے ہیں' آپ کے یہ تفسیری اقوال اولین تفسیر بالماثور میں شمار ہوتے ہیں۔ تفسیر حضرت عبداللہ بن عباسؓ تفسیر مجاہدؒ تفسیر عکرمہ اور حسن بصری یہ تمام دیگر تفاسیر کے لئے مراجع ہیں' تاتاری فتنے کے دوران یہ تفسیر مفقود ہوگئی تھی عالم اسلام کی عظیم یونیورسٹی جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کے شعبہ دراسات علیا نے اس تفسیر کو معتمد اور مستند تفاسیر سے دوبارہ جمع کرنے کیلئے دراسات علیا کے دو بڑے معتمد علماء کو یہ گراں قدر کام حوالہ کیا۔ مدینہ منورہ کے جلیل القدر عالم دکتور عمر یوسف کمال مدنی کو پہلے چودہ پارے اور استاد محترم دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ مدنی مدظلہ کو آخری سولہ پارے تفویض کیے گئے۔ دونوں حضرات نے چار سال کی طویل مدت میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس عظیم خدمت کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جس کے سلسلے میں دونوں حضرات نے سینکڑوں کتب تفسیر و حدیث و سیرت کے لاکھوں صفحات سے حضرت حسن بصریؒ کے تفسیری اقوال کو جمع کیا اور پھر رجال اسناد روایت کی توثیق اختلافی مسائل میں ترجیح راجح فن تفسیر میں حضرت حسن بصریؒ کا منہج مفسرین میں حضرت حسن بصریؒ کا مقام محدثین میں ان کی روایات کا